QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 207

بجلی کے کھمبوں اور ہائی وولٹیج لائنوں کے نیچے تعمیرات سے گریز کریں: کیسکو

کوئٹہ: 16 فروری 2026ء۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) نے اپنے تمام صارفین سے اپیل کی ہے کہ وہ بجلی کے کھمبوں اور ہائی وولٹیج تاروں کے نیچے تعمیرات سے گریز کریں کیونکہ بجلی کے کھمبوں اور ہائی وولٹیج لائنوں کے نیچے یا قریب مکانات، دکانیں اور دیگر تعمیرات انسانی جان کے لئے سنگین خطرات کے ساتھ ساتھ جان لیوا حادثات کا سبب بھی بن سکتی ہیں۔بجلی کی ترسیلی لائنوں کے لئے مخصوص ایک مناسب اور حفاظتی فاصلہ مقرر ہے جس کی خلاف ورزی تمام لوگوں کے لئے شدید خطرات پیدا کرسکتی ہیں۔لہٰذا ایسے تمام مقامات پر بجلی کھمبوں اور ہائی وولٹیج لائنوں کے نیچے تعمیرات کے باعث بجلی کی فراہمی میں تعطل، تکنیکی خرابی اور ممکنہ حادثات کے خدشات بھی بڑھ جاتے ہیں۔

تمام صارفین بجلی لائنوں کے نیچے یا مقررہ فاصلے کے اندر کسی قسم کی تعمیرات سے فوری طور پر گریز کریں اور کسی علاقے میں حفاظتی فاصلے کی خلاف ورزی یا کسی بھی غیر قانونی تعمیرات کی نشاندہی کیلئے فوری طور پر کیسکو کے متعلقہ دفتر کو اطلاع دیں۔صارفین اپنے اردگرد بجلی کی ڈسٹری بیوشن لائنوں پر خطرناک لوکیشنز (Locations) کی بھی نشاندہی کریں اور اسکے علاوہ کیسکو اپنے تمام معزز صارفین سے اپیل کرتی ہے کہ وہ اپنی اور دوسروں کے جان و مال کے تحفظ کیلئے بجلی کے کھمبوں اور ہائی وولٹیج لائنوں سے محفوظ فاصلے پر تعمیرات کریں اور بجلی سے متعلق حفاظتی اصولوں پر بھی سختی سے عمل کریں تاکہ کوئی جان لیوا حادثہ رونما نہ ہوسکے۔

نمبر: کیسکو پی آر 208 بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ: 16 فروری 2026ء۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں کھمبوں کی تنصیب اور برقی لائنوں کی شفٹنگ کئے جارہے ہیں۔اس سلسلے میں 17 فروری کو (بروز منگل) سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11kv سریاب ون، سریاب ٹو، واسا، سمنگلی ایکسپریس، انڈسٹریل، اے ون سٹی اور سرکی روڈ فیڈر سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے بجلی بند ہوگی نیز شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv ویسٹرن بائی پاس، جبل نور، دوستین، خروٹ آباد فیڈرز جبکہ کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے جناح ٹاون، شہباز ٹاون، ملک پلانٹ اور بروری، عالم خان، نواں کلی، اولڈ سمنگلی، انٹرکنیکٹر، مالک فیڈروں سے صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک بجلی بند رہیگی۔اسکے علاوہ 17 فروری کے روز 220kv انڈسٹریل گرڈ اسٹیشن کے شاہنواز، سریاب مل، شموزئی، ایف جی ایس، اولڈ اور نیو میاں غنڈی فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہیگی۔

علاوہ ازیں مختلف ٹرانسمیشن لائنز اور گرڈ اسٹیشنوں پر ٹیسٹنگ اور مرمتی کاموں کے سلسلے میں 17 فروری کو 132kv زرغون گرڈ اسٹیشن کے 11kv صاحبزادہ کاریز، زرغون ون، عسکری ٹو، زرغون ٹو فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے جبکہ اسی روز صحبت پور گرڈ اسٹیشن سے صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔تاہم کیسکو نے بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

# # #